# JHARKHAND COUNCIL OF EDUCATIONAL RESEARCH & TRAINING, RANCHI
## Model Question Paper for Annual Exam-2025-2026
## Class-x Subject-Urdu Time-3 Hours F.M-80

ضروری ہدایات : ۔

اس سوال نامہ میں 4سیکشن ہیں۔ اے ۔ بی ۔ سی اور ڈی ۔کل سوالوں کی تعداد 52 ہیں۔

سیکشن اے میں 30معروضی سوالات ہیں۔ ہر ایک سوال کے چار آپشن دیئے گئے ہیں۔ ان میں سے ایک صحیح جواب کا انتخاب کریں۔

ہر ایک سوال کے لیے ایک نمبر متعین ہے۔

سیکشن بی میں سوالوں کی تعداد 8ہے اس میں سے کسی 6کا جواب ایک دو جملونمیں دیں۔

سیکشن سی میں سوالوں کی تعداد 6 ہے اس میں سے کسی 4سوالوں کے جواب لگ بھگ 50 لفظوں میں دیں۔

سیکشن ڈی میں سوالوں کی تعداد 6ہے اس میں سے کسی 4سوالوں کے جواب لگ بھگ 100لفظوں میں دیں۔

### Section- A

درج ذیل اقتباس کو دھیان سے پڑھیے اور ایک سے پانچ تک سوالوں کے جواب دیجئے ۔ 1x30=30

’’ ہمارے دماغ کی طرح کمپیوٹر کا بھی اپنا دماغ ہوتا ہے اسے سی پی یو کہتے ہیں ۔ کمپیوٹر کے چار حصے ہو تے ہیں۔ مانیٹر ، سی پی یو ، کی بورڈ ، مائوس، یہ چاروں حصے مل کر کمپیوٹر کہلاتے ہیں۔ کمپیوٹر خود کچھ نہیں کرسکتا جب تک اس میں معلومات داخل نہ کی جائے ۔ ‘‘

سوال نمبر1۔کمپیوٹر کے دماغ کو کیا کہتے ہیں ؟

پی یو سی (D) سی یو پی (C) پی سی یو (B) سی پی یو (A)

سوال نمبر2۔کمپیوٹر کے کتنے حصے ہو تے ہیں ؟

ایک (D) دو (C) تین (B) چار (A)

سوال نمبر3۔کمپیوٹر کا دماغ کیسا ہوتا ہے ؟

جب اسے گرم کیاجائے (B) جب اس میں گیمس داخل کی جائے (A)

جب اسے اوپر رکھا جائے (D) جب اس میں معلومات داخل کی جائے (C)

سوال نمبر4۔کمپیوٹر کا دماغ کیسا ہوتا ہے ؟

مگر مچھ کے دماغ کی طرح (D) بندر کے دماغ کی طرح (C) ہمارے دماغ کی طرح (B) موٹر انجن کی طرح (A)

سوال نمبر5۔مانیٹر ، سی پی یو، کی بورڈ کے علاوہ کمپیوٹر کا ایک اور حصہ کیا کہلاتا ہے ؟

ریگولیٹر (D) فیوز (C) ہائوس (B) مائوس (A)

سوال نمبر6۔کسی تاریخی، مذہبی واقعہ یا روایات کی طرف کلام میں اشارہ کرنا کیاکہلاتا ہے ؟

تضاد (D) تلمیح (C) استعارہ (B) تشبیہ (A)

سوال نمبر7۔ عورت کا دل محبت کا سمندر ہوتا ہے '' اس فقرے کا تعلق کس کہانی سے ہے ؟''

گلی ڈنڈا (D) آزمائش (C) بھولا (B) بھیک (A)

سوال نمبر8۔ یہ سن کر رجنی پر بجلی گر پڑی ' ' بجلی گرنا کیا ہے؟ ''

کہاوت (D) جملہ (C) محاورہ (B) ضرب المثل (A)

سوال نمبر9۔قرآن ناظرہ پڑھنا سے کیا مراد ہے ؟

ترتیب سے پڑھنا (D) قرآن شریف دیکھ کر پڑھنا (C) ہجے کر پڑھنا (B) زبانی پڑھنا (A)

سوال نمبر10۔ڈراما ''آزمائش '' کا تعلق کس تاریخی واقعات سے ہے ؟

پانی پت کی تیسری لڑائی (D) جشن آزادی1947 (C) پانی پت کی لڑائی1526 (B) کی جنگ آزادی1857 (A)

عبارت ذیل کو دھیان سے پڑھیے اور سوال نمبر 11سے 15تک کے سوالوں کا صحیح جواب کا انتخاب کریں۔

سرسید لکھتے ہیں کہ ''میرے نانا صبح کا کھانا اندر زمانے میں کھاتے تھے ۔ ایک چوڑا چکلا دستر ''
خوان بچھتا تھا۔ بیٹے بیٹیاں ، پوتے پوتیاں ،

نواسے نواسیاں اور بیٹوں کی بیو یاں سب ان کے ساتھ کھانا کھاتے تھے۔ بچوں کے آگے خالی رکابیاں
ہو تی تھیں نانا صاحب ہر ایک سے

''پوچھتے تھے کہ کون سی چیز کھاؤگے ؟

سوال نمبر 11۔ مندرجہ بالاعبارت کا تعلق کس مضمون سے ہے؟ صحیح عنوان کو منتخب کریں۔

سرسید سے بچپن (D) بچپن کا سرسید (C) سرسید کا بچپن (B) بچپن اور سرسید (A)

سوال نمبر 12۔ سرسید کے نانا کھانا کہاں کھاتے تھے ؟

پڑوس میں (D) اندر زمانے میں (C) آنگن میں (B) ہوٹل میں (A)

سوال نمبر 13۔ بچوں کے آگے کیا رکھی جاتی تھی ؟

خالی دستر خوان (D) خالی پیالے (C) خالی گلاس (B) خالی رکابیاں (A)

سوال نمبر 14۔ ہر ایک سے نانا صاحب کیا پو چھتے تھے ؟

کب جائو گے (D) کیا پہنو گے (C) کون سی چیز کھائو گے (B) کہاں جائو گے (A)

سوال نمبر 15۔کھانے کے قبل کیا بچھتا تھا ؟

چادر (D) بڑا ٹیبل (C) چوڑا چکلا چادر (B) چوڑا چکلا دستر خوان (A)

سوال نمبر 16۔ نصاب میں شامل '' ڈراما''کا عنوان کیا ہے ؟

دوسری شام (D) آزمائش (C) کھیتی (B) انجام (A)

سوال نمبر 17۔ استاد منگو کون تھا ؟

(A) لمحےپائلٹ (B) مینکوچوان (C) ڈرائیور (D) پہلوان

سوال نمبر 18۔ کہانی بھی کس کی تحریر ہے ؟

(A) راجندر سنگھ بیدی (B) حیات اللہ انصاری (C) کرشن چندر (D) پریم چند

سوال نمبر 19۔ مضمون ''چوری اور اس کا کفارہ ''کس عظیم شخصیت کی آپ بیتی ہے ؟

(A) مہا تما گاندھی (B) پنڈت نہرو (C) ڈاکٹر راجندر پرساد (D) مولانا آزاد

سوال نمبر 20۔''مایا کا بھائی اپنی بیوہ بہن سے راکھی بندھوانے کے لیے آنے والا تھا''۔ بیوہ کسے کہتے ہیں ؟

(A) جس عورت کا شوہر مر گیا ہو (B) جس عورت کو شوہر نے چھوڑ دیا ہو (C) جس عورت کا شوہرپردیش میں ہو (D) ان میں کوئی نہیں

درج ذیل اشعار کو دھیان سے پڑھیے اور سوال نمبر 21سے 25 تک کے جواب دیں۔

اپنی خوشی نہ آئے نہ اپنی خوشی چلے لائی حیات آئے، قضا لے چلی چلے
پر کیا کریں جو کام نہ بے دل لگی چلے بہتر تو ہے یہی کہ نہ دنیا سے دل لگے

سوال نمبر 21۔ مندرجہ بالااشعار کس شاعر کی غزل کا ہے ؟

(A) میر تقی میرؔ (B) شاد عظیم آباد (C) شیخ محمد ابراہیم ذوقؔ (D) مرزا غالب

سوال نمبر 22۔''قضا ء '' لفظ کے کیا معنی ہیں ؟

(A) زندگی (B) قرض (C) موت (D) قید خانہ

سوال نمبر 23۔'' نہ اپنی خوشی چلے '' اس شعر میں اس فقرے کا کیا مطلب ہے ؟

(A) موت کا آنا (B) خوشی سے مرنا (C) خوشی منانا (D) دنیا میں واپس آنا

سوال نمبر 24۔ اوپر کے دونوں شعر میں کل کتنے مصرعے ہیں ؟

(A) ایک (B) دو (C) تین (D) چار

سوال نمبر 25۔''بہتر تو ہے یہی '' کیا بہتر ہے ؟

(A) دنیا سے دل لگانا (B) دنیا سے دل نہ لگانا (C) دنیا میں خون جشن منانا (D) دنیا میں خوشی منانا

سوال نمبر 26۔ نسیم تیر سی چھاتی کے پار گزر ے ہے '' یہ مصرعہ کس شاعر کی غزل کا ہے ؟''

(A) سودا (B) ذوق (C) شاد (D) فانی

سوال نمبر 27۔ اردو شاعری کی سب سے زیادہ مقبول صنف سخن کیا ہے ؟

(A) رباعی (B) قصیدہ (C) غزل (D) مرثیہ

سوال نمبر 28۔ نصاب میں شامل اکبر الٰہ آبادی کی نظم کا صحیح عنوان کیا ہے ؟

(A) دربار دہلی کا جلوہ (B) دہلی دربار کا (C) جلوہ دربار دہلی (D) دہلی دربار کا جلوہ

سوال نمبر 29۔ دسویں جماعت کی معاون درسی کتاب کون سی ہے ؟

(A) گلزار اردو (B) ہماری زبان (C) درخشاں (D) نوائے اردو

سوال نمبر 30۔معاون درسی نصاب میں شامل کلام حیدر کی کہانی کا عنوان کیا ہے ؟

(A) سخاوت (B) سخی (C) شوخی (D) شوخ

## Section B

2x6=12 درج ذیل سوالوں سے کسی چھ سوالوں کا جواب ایک دولفظونیا جملوں میں دیں۔

سوال نمبر 31۔ ایسی کہانی جس میں زندگی کی سچائیوں کا بیان ہو کیا کہلاتا ہے ؟

سوال نمبر 32۔میں نے مایا کو پتھر کے ایک کوزے میں مکھن رکھتے دیکھا ‘‘ کون سی کہانی اس جملے سے ’’ شروع ہو تی ہے؟

سوال نمبر 33۔ کہانی ’’بھیک ‘‘ کے حوالے سے بتائیں کہ رجنی کے کتنے بہن بھائی تھے ؟

سوال نمبر 34۔ کہانی ’’بھیک کے حوالے سے بتائیں کہ کیلاش نے رجنی پر رحم کھاکر کتنے روپئے اس کے ہاتھ میں رکھ دیئے ؟

سوال نمبر 35۔ یہ قول کس کا ہے ’’یہی زبان جسے ہم اردو کہتے ہیں تنہا وسیلہ ہے جس سے ہندو اور مسلمان ایک دوسرے کی تہذیب کو سمجھ سکتے ہیں‘‘ ؟

سوال نمبر 36۔’’اشتہارات ضرورت نہیں ہے کہ ‘‘ حوالے سے بتا ئیں کہ اخبار میں اشتہارات کیوں چھپوائے جاتے ہیں ؟

سوال نمبر 37۔ہوا میں تیرتی ہوئی آلودہ گیسیں جب بارش کے ساتھ زمین پر آتی ہیں تو ایسی بارش کو کیا کہتے ہیں ؟

سوال نمبر 38۔’’یہ مخلوط زبان ہے ‘‘یہ کس زبان کے بارے میں کہاجاتا ہے ؟

## Section C

درج ذیل سوالوں سے کسی چھ سوالوں کا جواب لگ بھگ پچاس لفظوں میں ہی دیں۔

3x6=18

سوال نمبر 39۔ کہانی نیا قانون کے حوالے سے جواب دیں کہ منگو کوچوان انگریزوں سے کیوں نفرت کرتا تھا ؟

سوال نمبر 40۔بھولا کہاں چلاگیا تھا ؟ کہانی بھولا کے حوالے سے بتا ئیں ؟

سوال نمبر 41۔ کہانی بھیک کے حوالے سے بتا ئیں کہ کیلاش نے ایسا کیا کہا جسے سن کر رجنی پر بجلی سی گرپڑی ؟

سوال نمبر 42۔ نظم ’’ حقیقت حُسن ‘‘ کے حوالے سے بتا ئیں کہ حسن خداسے کیا سوال کیا اور خداسے کیا جواب ملا ؟

سوال نمبر 43۔’’خون کی پیاسی شعائیں ، روح فرسالو کا زور ‘‘ لوکو روح فرس کیوں کہاگیا ہے ؟

سوال نمبر 44۔ مختصر میں رُباعی کی تعریف بیان کیجئے ۔

سوال نمبر 45۔ کہانی آئی سی ایس کے حوالے سے بہو بیگم کے کردار کی خوبیاں بیان کیجئے ۔

سوال نمبر 46۔ بڈّے کٹّے فقیر کو دیکھ کر مصنف کی کیا حالت ہو ئی ؟ کہانی فقیر کے حوالے سے بتائیں ۔

**Section D**

5x4=20 درج ذیل سوالوں سے کسی چار سوال کا جواب لگ بھگ 100 لفظوں میں دیں۔

سوال نمبر 47۔ صنعت حُسن تعلیل، صنعت لف و نشر، استعارہ سے کسی دو صنعت کی تعریف اور مثال لکھیے ۔

سوال نمبر 48۔ ڈراما نگار محمد مجیب یا کیفی اعظمی کے حالات زندگی پر چند جملے تحریر کریں۔

سوال نمبر 49۔ موبائل فون ، تندرسی ہزار نعمت ہے یا فضائی آلودگی سے کسی ایک عنوان پر ایک صفحہ مضمون تحریر کریں۔

سوال نمبر 50۔ اردو زبان کی تاریخ پر ایک مختصر مضمون لکھیے ۔

سوال نمبر 51۔ ماں بی بی اور سر سید کے تعلق کو اپنے الفاظ میں بیان کیجئے ۔

سوال نمبر 52۔ درج ذیل رُباعی کی تشریح بیان کریں۔

اپنی اوقات بھول جاتا ہے　　　　کمین جب عُروج پاتا ہے

چند سانسوں میں پھول جاتا ہے　　　　کتنا کم ظرف ہے یہ غبارہ

Class X Urdu

Section-A: Objective

جوابات

| | | |
|---|---|---|
| 1-(A) | 11-(B) | 21-(C) |
| 2-(A) | 12-(C) | 22-(C) |
| 3-(C) | 13-(A) | 23-(B) |
| 4-(B) | 14-(B) | 24-(D) |
| 5-(B) | 15-(A) | 25-(B) |
| 6-(C) | 16-(C) | 26-(A) |
| 7-(B) | 17-(B) | 27-(C) |
| 8-(B) | 18-(B) | 28-(C) |
| 9-(C) | 19-(A) | 29-(A) |
| 10-(A) | 20-(A) | 30-(B) |